کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈپارٹمنٹ ایبٹ آباد

نیلام عام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ **پرانی او۔پی۔ڈی (OPD) بلڈنگ واقع وومن اینڈ چلڈرن ہسپتال ایبٹ آباد** کی عمارت کو گرانے اور قابل استعمال بلڈنگ میٹریل اٹھا کر لے جانے کی بنیاد پر نیلامی مورخہ 11.06.2026 کو بوقت 11:00 بجے دن موقع پر کی جائے گی۔

خواہشمند حضرات مقررہ وقت و تاریخ پر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ متعلقہ عمارت (**پرانی او۔پی۔ڈی (OPD) بلڈنگ واقع وومن اینڈ چلڈرن ہسپتال ایبٹ آباد**) کا معائنہ دفتری اوقاتِ کار میں کیا جا سکتا ہے۔

دیگر شرائط و تفصیل:

۱۔ ہر بولی دہندہ کو بولی سے قبل مبلغ -/14500 روپے زرِ ضمانت کال ڈپازٹ کی صورت میں بولی سے پہلے جمع کروانی ہوگی۔ جو کہ قابل واپسی ہوگی۔ بصورت دیگر بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل رقم کا 1/3 موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ اور بقیہ رقم تین یوم کے اندر اندر متعلقہ حکام کی منظوری کے بعد یکمشت جمع کروانا ہوگی بصورتِ دیگر جمع شدہ زرِ ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

۳۔ نیلام شدہ میٹریل/سامان نیلامی منظوری کے بعد 15 دن کے اندر اندر اٹھانا ہوگا۔ اگر بولی دہندہ مقررہ وقت میں ملبہ نہ اٹھا سکا تو کال ڈپازٹ ضبط کر لی جائے گی۔ موقع پر موجود میٹریل کی جگہ کو صاف کرنا کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو دیگر تمام ٹیکس بھی مروجہ قانون کے مطابق جمع کروانا ہوں گے۔

۵۔ بولی میں شرکت کرنے والے تمام بولی دہندگان کو بولی میں شرکت کے لیے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی جمع کروانی ہوگی۔

۶۔ نیلامی جہاں ہے، جیسے ہے کی بنیاد پر ہوگی۔

۷۔ بولی کی کامیابی کے بعد سامان اٹھانے تک میٹریل / دیگر سامان کی ذمہ داری بولی دہندہ کی اپنی ہوگی۔

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ ڈویژن ایبٹ آباد